© rasailojaraid.com



قابل ذکر تعداد مترجم مضامین کی ہے، لیکن طبع زاد مضامین بھی موجود ہیں۔ اکابر واساطین قراءِ کرام کے انٹرویوز کو بھی شمارے کی زینت بنایا گیا ہے۔ اہم لکھنے والوں میں حافظ عبدالرحمٰن مدنی، جناب محمد اکرم چودھری، حافظ محمد زبیر اور محمد رفیق چودھری کے اسمائے گرامی موجود ہیں۔ منکرین قرأت کے اشکالات وشبہات پر قاری محمد طاہر رحیمی رحمتہ اللہ علیہ کی تحریر کردہ والا شان تصنیف ادفاع قرأت کی مکمل تلخیص شاملِ اشاعت کرنے سے یہ شمارہ ہر دار القرآن کی ضرورت بن گیا ہے۔

احادیث سبعہ احرف کی توضیح وتاویل بیان کرنے کے لیے لکھے جانے والے دو مضامین کو فاضل مدیر نے اس خاص نمبر کا تحفۂ خاص قرار دیا ہے۔ ان مضامین میں سے اوّل جناب مولانا مفتی محمد تقی عثمانی کا تحریر کردہ اور دوسرا جناب ڈاکٹر مفتی عبدالواحد کا نتیجۂ فکر ہے۔

برصغیر پاک وہند میں علم قرأت کی اہم اسناد پر جناب مولانا محمد صدیق اراکانی کے رشحاتِ قلم ایک اہم اور قابل ذکر مضمون کی صورت میں موجود ہیں۔ البتہ اس میں ایک مقام محل ذکر ہے۔ صفحہ 209 پر حضرت قاری رحیم بخش پانی پتی نور اللہ مرقدہ کے تلامذہ کو بیان کرتے ہوئے انھوں نے جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ کا نام بھی ذکر کر دیا ہے۔ جبکہ یہ بات خلافِ واقعہ ہے۔ وہ حضرت قاری صاحب کے ہم عصر تھے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے دوسرے فرزندوں مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ اور مولانا سید عطاء المہیمن بخاری حضرت قاری رحیم بخش رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں۔

مجموعی طور پر یہ شمارہ ایک انتہائی اہم اور حوالے کی چیز قرار دیا جاسکتا ہے۔ خاص طور پر علوم قرأت کا شوق رکھنے والے افراد کے لیے یہ یقیناً کئی کتابوں سے بے نیاز کر دینے والا مجموعہ ہے۔ (تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● **خبرنامہ عبدالرحمٰن اسلامک لائبریری**

ضخامت: 30 صفحات　پتا: گلشن فیض، مین گلی، گیلانی کینال ویو، ممتاز آباد، ملتان

جناب محمد یٰسین شاد ہمارے کتاب دوست اور صاحبِ مطالعہ احباب میں سے ہیں۔ مسلکاً اہل حدیث ہیں لیکن فرقہ واریت کے تعصب سے کوسوں دور ایک وضع دار انسان ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر مسلک کے صاحبانِ ذوق اُن کے احباب میں شامل ہیں۔ انھوں نے اپنے مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لیے اپنے والد مرحوم کے نام سے موسوم ''عبدالرحمٰن اسلامک لائبریری'' 1997ء میں قائم کی اور مسجد السلام اہل حدیث بھی تعمیر کرائی ہے۔ مسجد ہی کے ایک چھوٹے سے کمرے میں قرآن وحدیث، فقہ، تاریخ اور ادب کی کتابوں کی دنیا بسائی ہے۔ ''خبرنامہ عبدالرحمٰن اسلامک لائبریری'' اُن کی علمی ودینی سرگرمیوں کا مرقع ہے۔ اس مختصر کتابچے میں دعا، روزہ اور مسجد کے فضائل واحکام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند وصیتیں اور مسجد السلام اہل حدیث وعبدالرحمٰن اسلامک لائبریری کے تعارف پر مشتمل مضامین شامل ہیں۔

(تبصرہ: میم الف میم)



© rasailojaraid.com